1989ء سے مسلسل اشاعت | 17 تا 23 جولائی 2020 | شمارہ نمبر 31 | جلد نمبر 32

MC - 547 Price Rs. 70/-

# ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ





خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر
بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین
بزنس مین پینل

کا اتحاد زندہ باد - خدمت کے گیارہ سال

آئندہ انتخابات 2019 میں بزنس مین پینل و بزنس مین گروپ کے امیدواروں کو کراچی و لاہور میں ووٹ دے کر کامیاب بنائیں



IBM™

ISO 9001:2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Product

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-21-32627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleemitc@gmail.com, website: www.ibmpakistan.com



DAWN
Dawn Paper Mart And Dawn Convertec

66 YEARS 19 52

DISTRIBUTOR OF:
Century Paper & Board Mills Limited

UAN: 111-111-DPM (376)

IMPORTER AND INDENTOR
All Type Of Paper And Paper Board

QUALITY GUARANTEE

KARACHI NO: 021-32636500, 021-32214141, 021-32624141, 021-36728852, 021-32624103 | LAHORE NO: 042-37210575-6, 042-37361742

APP
中華紙業
ZHONGHUA-PAPER

IBM
ISO 9001:2008
CERTIFIED

# NINGBO GOLD

ISO 14064 PEFC ISO9001 ISO14001

## Coated Packaging Board

# ANNOUNCEMENT

**We are going to Lounge the new brand Ningbo Gold very soon**

**Ningbo Gold is a premium coated packaging board with a triple coating on the top side, giving it an excellent smoothness and good printability.**

**Ningbo gold has high ink absorbency and super surface characteristics, which makes it ideal for all premium quality book covers, cards, shopping bags and a wide range pakaging application.**

FIRST ISO 9001:2008 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




SELF ADHESIVE STICKER PAPER
INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road,
Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award
Brands of the year Award 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725






Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ

پبلشر حرا روف

نے پرنٹر عبدالغفور نارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 20 رنگین اور 16 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ آفس

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد روف

ایڈیٹوریل بورڈ

پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا روف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

چارجز

قیمت: 70 روپے

سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 1800 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 2000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک نیو چالی مارکیٹ کراچی
A/c-No: 0102560271401129600
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

# کاربن لیس، آرٹ کارڈ، کوٹڈ بورڈ و پیپر اور لائٹ ویٹ کوٹڈ پیپر کی درآمدی ویلیوز کے تعین کیلئے اجلاس

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ڈپٹی ڈائریکٹر کسٹم ویلیو ایشن ڈپارٹمنٹ ساجد علی بلوچ نے کسٹم ہاؤس نے نون کاربن ریلزنگ پیپر، آرٹ کارڈ، کوٹڈ بورڈ و پیپر اور لائٹ ویٹ کوٹڈ پیپر کی درآمدی ویلیوز کے تعین کے لئے ایک اجلاس 17 جولائی 2020 کو صبح 11:30 بجے کسٹم ہاؤس میں طلب کیا ہے۔ اجلاس میں ایف پی سی سی آئی کی ویلیو ایشن کمیٹی کے چیئرمین، صدر لاہور چیمبر اور آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے علاوہ ڈان کنورٹیک کراچی، میسرز باری انڈسٹریز پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، بلھے شاہ پیکیجنگ پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، میسرز اے بی سعید پرائیوٹ لمیٹڈ، ہمدم پیپروڈکٹس پرائیوٹ کراچی، زمان کنورٹر پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، اسٹار کنورٹرز پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، عاصم میچ پرائیوٹ لمیٹڈ پاکستان، مدنی پیپر مارٹ لاہور، صائمہ پیکیجنگ پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، پاک پیپ پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، مارک گرافکس لاہور، یونس اینڈ سنز کراچی، پری ٹریڈرز کراچی، افتخار احمد لاہور، خیراللہ پیپر اینڈ بورڈ ور کراچی، النور ٹریڈرز لاہور، عجوا انڈسٹریز پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، سلمان پیپر پروڈکٹس پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، ضیاء القرآن پبلی کیشن سرگودھا، عمار برادرز لاہور، عمارہ کمرشل پرنٹرز پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، رئیس پیپر مارٹ لاہور، نصرت کارپوریشن کراچی، نیاز پیپر مارٹ لاہور، روشن پیکیجز لاہور، قدرت اللہ اینڈ کمپنی لاہور، زیڈ اے کارپوریشن لاہور، کلاؤڈ ٹریڈرز، حبیب پیپر کارپوریشن لاہور، فہد امپیکس لاہور، اقرا انٹر پرائزز راولپنڈی، میسرز ٹائم پریس پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، میسرز شاہد برادرز کراچی، میلینیم پیپر پروڈکٹس کراچی، ریکس ٹریڈنگ کو کراچی اور ٹرانسٹیک لاہور کو مدعو کیا گیا ہے۔

# 2019: دنیا بھر سے ساڑھے چار ارب ڈالر کا نیوز پرنٹ پیپر برآمد ہوا

## نیوز پرنٹ کی برآمد میں کینیڈا 31 فیصد کے ساتھ سرفہرست رہا، رشیا دوسرے نمبر پر، دنیا کے 15 برآمدی ممالک کی تفصیل

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 2019 میں دنیا بھر میں نیوز پرنٹ پیپر (4801) کی کل 4.5 ارب ڈالر (ساڑھے سات ارب روپے) کی برآمدات کی گئیں جو گذشتہ سال 2018 کے مقابلے میں 18 فیصد (8 کروڑ 10 لاکھ ڈالر) کم ہیں اور گذشتہ پانچ سالوں میں 2015 کے مقابلے میں 16.9 فیصد کمی دیکھی گئی۔ ذیل میں ان 15 ممالک کے اعداد و شمار دیئے جارہے ہیں جن کا دنیا بھر کی کل برآمدات میں 94.6 فیصد حصّہ ہے۔ گذشہ پانچ سالوں میں 2015 سے اب تک جن ممالک کی برآمدات میں اضافہ ہوا ہے ان میں آسٹریلیا میں 178.8 فیصد، یو کے تقریباً 60 فیصد، رشیا 27 فیصد اور فرانس 24 فیصد کے ساتھ سرفہرست ہیں۔ جن تین ممالک کی برآمدات 2015 سے گذشتہ پانچ سالوں میں کم ہوئی ہیں ان میں ساؤتھ کوریا کی 69 فیصد، امریکہ 52 فیصد، اسپین کی 50 فیصد، جرمنی کی 29 فیصد اور سوئزرلینڈ کی 23.7 فیصد شامل ہیں۔

| S. No | Country | $ Value In Billion | Value In % |
|---|---|---|---|
| 1 | Canada | 1.40 | 31.1 |
| 2 | Russia | 554.00 | 12.3 |
| 3 | Sweden | 406.00 | 9.0 |
| 4 | France | 332.60 | 7.4 |
| 5 | Germany | 258.90 | 5.7 |
| 6 | Finland | 199.50 | 4.4 |
| 7 | United Kingdom | 180.70 | 4.0 |
| 8 | Belgium | 159.50 | 3.5 |
| 9 | Switzerland | 155.10 | 3.4 |
| 10 | Austria | 150.50 | 3.3 |
| 11 | United States | 120.00 | 2.7 |
| 12 | South Korea | 111.40 | 2.5 |
| 13 | Spain | 90.40 | 2.0 |
| 14 | Slovenia | 79.10 | 1.8 |
| 15 | Australia | 65.40 | 1.5 |

# پاکستان: واہگہ بارڈر افغان ٹریڈ کیلئے کھولنے کا فیصلہ

اسلام آباد: (بزنس ڈیسک) پاکستان نے واہگہ بارڈر کراسنگ افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کیلئے کھولنے کا فیصلہ کرلیا، افغان حکومت نے دوطرفہ تجارت کھولنے کیلئے خصوصی درخواست کی تھی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق 15 جولائی سے واہگہ کراسنگ پوائنٹ سے افغان ایکسپورٹس دوبارہ شروع کردی جائیں گی، بارڈر کراسنگ سے ایکسپورٹس بحال کرتے ہوئے کووڈ 19 پروٹوکولز پر عملدرآمد کیا جائے گا۔ دفتر خارجہ کی جانب سے مزید کہا گیا ہے کہ پاکستان نے افغان ٹرانزٹ ٹریڈ معاہدے پر عملدرآمد کیا اور افغانستان سے دوطرفہ تجارت اور افغان ٹرانزٹ ٹریڈ بحال کردی۔ پاکستان ہمسایہ ملک افغانستان کے ساتھ تجارت سمیت دوطرفہ تعلقات بہتر بنانے کے اصول پر کاربند ہے۔

# برطانیہ سے پاکستان کیلئے ریٹرن ٹکٹ کی لاگت میں 300 فیصد اضافہ

لندن (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) برطانیہ کی تین منازل، یورپی یونین اور امریکہ کیلئے پی آئی اے کی پروازوں پر پابندی کے بعد برطانیہ سے پاکستان کیلئے ٹکٹ کی قیمتیں 300 فیصد بڑھ گئی ہیں۔ لندن، مانچسٹر اور برمنگھم سے لاہور، اسلام آباد اور کراچی کیلئے ریٹرن ٹکٹ کی اوسط لاگت 500 سے 650 پونڈ تھی لیکن پی آئی اے کے آپریشن پر پابندی عائد ہونے کے بعد اس میں تین گنا اضافہ ہوگیا اور یہ 1500 سے 2700 پونڈ تک پہنچ گئی۔ ایک بڑی ٹریول ویب سائٹ سکائی سکینرز پر ترکش ائرلائن کا لندن سے لاہور کا سستا ترین ریٹرن ٹکٹ 1445 پونڈ کا ہے جو تقریباً 300000 پاکستانی روپے بنتے ہیں۔ برٹش ایئرویز، جس نے حال ہی میں اپنی پروازیں شروع کی ہیں، پاکستان کیلئے یہی ٹکٹ 2000 پونڈ سے زائد میں آفر کررہی ہے، جو 400000 روپے سے زیادہ بنتے ہیں۔ قطر ائرویز اور امارات ائرلائن سے سنگل ٹریولر کا ٹکٹ 2500 پونڈ ہے جو برطانیہ سے پاکستان کیلئے ریٹرن ٹکٹ کی بے مثال قیمت ہے۔ قطر ایئرویز اور برٹش ایئرویز کی ایک اور پرواز سے لاگت 2796 پونڈ ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# نئے انکم ٹیکس قواعد پر انڈسٹری کا تحفظات کا اظہار

کراچی (بزنس ڈیسک) کاروباری برداری نے انکم ٹیکس رولز 2002 میں مجوزہ ترمیم، انکم ٹیکس نوٹیفکیشن S.R.O. 615 (I)/2020 کو مسترد کردیا ہے اور کہا ہے کہ یہ حکومت کے بجٹ پیش کرنے سے قبل کئے گئے کاروبار کو آسان بنانے کے تمام تر دعووں کی نفی ہے۔ تفصیلات کے مطابق 9 جولائی کو ریونیو ڈویژن، ایف بی آر نے انکم ٹیکس نوٹیفکیشن (ایس آر او 615 (I)/2020) جاری کیا جو انکم ٹیکس رولز 2002 میں مجوزہ ترامیم کا مسودہ ہے۔ ترامیم کو درآمدات پر ودہولڈنگ ٹیکس عائد اور ایک طریقہ کار کے لئے کیا جا رہا ہے۔ فنانس بل کے سیکشن 148 کے تحت اقدامات پر کاروباری برداری کی مخالفت کے بعد ایس آر او 615 کی ضرورت پیدا ہوئی۔ مقامی استعمال کے لیے خام مال کی ایک طویل فہرست کو جلد بازی میں دوبارہ درجہ بندی/مرتب کیا گیا اور انہیں مکمل اشیاء قرار دیتے ہوئے کم از کم 5.5 فیصد ودہولڈنگ ٹیکس عائد کیا گیا جبکہ اس کی حد 2 فیصد ہونی چاہیے تھی۔ اس کے نتیجے میں، کاروباری برادری کا تخمینہ ہے کہ ان کے فائنل ٹیکس کا بوجھ 65 فیصد سے زیادہ ہوجائے گا اور پہلے ہی مشکل کاروباری ماحول میں لیکویڈیٹی مسائل مزید بڑھ جائیں گے۔ اس پر طرہ یہ کہ ایس آر او ایک بیوروکریٹک میکنزم کا تصور ہے جو 1980ء سے متروک ہے۔ ایس آر او 615 کے تحت ہر کمپنی کو خام مال کی درجہ بندی کے تصحیح کے حوالے سے اپنی الگ درخواست، ہر اشیاء کے بارے میں الگ تفصیل اور اس کا کوڈ منظوری کے لیے دینا ہوگا۔ درخواستیں پہلے چیئرمین (ممبر آئی آر) کے ذریعہ جانچ پڑتال کے عمل سے گزریں گی۔ اس کے بعد اسے پانچ ممبروں پر مشتمل کمیٹی میں لے جایا جائے گا۔ ان میں سے تین خود ایف بی آر کے ممبر ہوں گے اور ایک ایک ای ڈی بی اور این ٹی سی سے گا۔ اس کے بعد صرف انہیں درخواستوں کو حتمی منظوری کے لئے پیش کیا جائے گا جس کے بارے میں کمیٹی کی اکثریت ہوگی اور یہ ایف بی آر کے چیئرمین کے پاس رکھی جائیں گی۔ اس طریقہ کار کو کوئی بھی نام دیا جائے لیکن درحقیقت اس سے کاروباری برادری کی لاگت، وقت اور پریشانیوں میں اضافہ ہوگا۔ کاروباری برداری نے حیرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پوری دنیا میں جب کاروباری ماحول کو بہتر اور آسان بنایا جا رہا پاکستان میں اسے مشکل بنانے کے دقیانوسی تجربات کئے جا رہے ہیں اور معیشت کو 80ء اور 70ء کے آمرانہ دور میں دھکیلا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ ترمیم، انکم ٹیکس نوٹیفکیشن S.R.O. 615(I)/2020 حکومت کے بجٹ پیش کرنے سے قبل کئے گئے کاروبار کو آسان بنانے کے تمام تر دعووں کی نفی ہے۔ ایک سابق ملٹی نیشنل سی ای او نے کہا کہ یہ ایس آر او بجٹ سے قبل ہونے والے لمبے دعووں کے برخلاف ''کاروبار کرنے کی لاگت'' میں کافی حد تک اضافہ کرے گی۔ ایس آر او 615 ریونیو ڈویژن کی غلط پالیسی، غلط طرزعمل، کاروباری ترقی کے بارے میں مخالفانہ سوچ اور عدم تعاون کے مزاج کی عکاسی کرتا ہے۔ اس طرح کاروباری برادری کا اعتماد مزید ختم ہوجائے گا اور وہ پہلے ہی شدید مالی مشکلات اور معاشی سست روی کا شکار ہیں۔ معاشی ترقی کا عمل رک جائے گا اور صنعتی بے روزگاری میں اضافہ جبکہ سرمایہ کاری میں کمی واقع ہوگی۔

## اسٹیٹ بینک نے 15 کمرشل بینکوں پر بھاری جرمانے عائد کردیے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) اسٹیٹ بینک نے قوانین کی خلاف ورزی کرنے پر 15 کمرشل بینکوں پر بھاری جرمانے عائد کردیے۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق ان 15 بینکوں پر صارفین کی معلومات نہ رکھنے، فارن ایکسچینج قوانین کی خلاف ورزی کرنے پر ایک ارب 68 کروڑ روپے کے جرمانے عائد کیے گئے ہیں۔ یہاں یہ بات اہم ہے کہ کمرشل بینکوں پر یہ تمام جرمانے مرکزی بینک نے مارچ سے جون 2020 کے دوران کیے ہیں۔

| Sr.No | Institution | Monetary Penalty (Rupees in millions) |
|---|---|---|
| 1 | United Bank Ltd | 137.001 |
| 2 | JS Bank Ltd | 71.417 |
| 3 | Meezan Bank Ltd | 81.060 |
| 4 | Faysal Bank Ltd | 96.128 |
| 5 | The Bank of Punjab | 286.333 |
| 6 | Habib Bank Ltd | 204.217 |
| 7 | MCB Bank Ltd | 158.474 |
| 8 | National Bank of Pakistan | 269.810 |
| 9 | Bank Al-Habib Ltd | 46.802 |
| 10 | Habib Metropolitan Bank Ltd | 22.805 |
| 11 | Bank Alfalah Ltd | 40.305 |
| 12 | Askari Bank Ltd | 29.814 |
| 13 | Bank Islami Ltd | 11.517 |
| 14 | Punjab Provincial Cooperative Bank Ltd | 81.500 |
| 15 | Zarai Taraqiati Bank Ltd | 147.250 |

اس شمارے کے ساتھ ابوظہبی سے درآمد شدہ IPM برانڈ 80 گرام، ووڈ فری آفسیٹ پرنٹنگ پیپر کا سیمپل بھی منسلک ہے

# بینک کھاتوں کی اسکروٹنی شروع، ٹرانزیکشن تفصیلات طلب

## فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ایڈوانس ٹیکس کٹوتیوں کی تفصیل بھی مانگ لی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملکی تاریخ میں پہلی بار بڑے پیمانے پر بینک کھاتوں کی اسکروٹنی کا عمل شروع کردیا گیا، پاکستان میں ٹیکس وصولیوں کو بڑھانے کیلئے فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے بینکوں سے گزشتہ ایک سال کی اکاؤنٹس ہولڈرز کی ٹرانزیکشن تفصیلات طلب کر لیں۔ یومیہ 50 ہزار روپے بینکوں سے کیش رقوم نکلوانے، ماہانہ 10 لاکھ روپے کی ٹرانزیکشن کرنے، ماہانہ ایک کروڑ روپے اپنے اکاؤنٹ میں جمع کروانے اور سالانہ 6 لاکھ روپے تک کے بلوں کی ادائیگی کریڈٹ کارڈ کے ذریعے کرنے والوں کی تفصیلات طلب کی گئی ہیں۔ بینکوں سے ایڈوانس ٹیکس کی کٹوتیوں کی تفصیلات بھی مانگی گئی ہیں، اس ایکسرسائز کے ذریعے پاکستان میں بھاری مالیت کی بینکنگ ٹرانزیکشنز کرنے والوں کو ٹیکس نیٹ میں لانے اور ٹیکسوں کی بنیاد وسیع کرنے کیلئے استعمال میں لایا جائیگا، انمعلومات کے حصول کو یقینی بنانے کیلئے فنانس ایکٹ 2020 کے تحت انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 میں ایک نئی شق 165A کا اضافہ کردیا گیا۔ حکام نے دنیا کو بتایا کہ پاکستان کی آبادی 22 کروڑ تک پہنچ گئی ہے جب کہ ٹیکس صرف 5 لاکھ افراد دے رہے ہیں۔ ایک کروڑ افراد کو ٹیکس نیٹ میں لانے کی گنجائش موجود ہے اور ابتدائی طور پر 2023-24 تک پاکستان میں 70 لاکھ امرا کو ٹیکس نیٹ میں رجسٹر کرنے کا ہدف رکھا گیا ہے۔

# اسٹیٹ بینک نے بینکوں کے پرانے اوقات بحال کردیئے

کراچی (بزنس ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے تمام بینکوں کے اوقات میں تبدیلی کرتے ہوئے کورونا وائرس سے قبل والے اوقات بحال کردیے۔ مرکزی بینک کے جانب سے جاری سرکلر میں کہا گیا ہے کہ 13 جولائی سے تمام بینک عوام کے لیے نئے اوقات کار پر عمل درآمد کے پابند ہوں گے۔ تاہم بینک اپنی شاخوں کے لیے اپنے کاروباری اوقات اپنی ضروریات کے مطابق اسٹیٹ بینک کی ہدایات کے مطابق طے کرسکتے ہیں۔ نئے اوقات کار کے مطابق تمام بینک پیر سے جمعرات صبح 9 بجے سے شام ساڑھے 5 بجے تک کھلے رہیں گے اور ان دنوں میں دوپہر ڈیڑھ سے 2 بجے تک کھانے اور نماز کا وقفہ ہوگا۔ جمعہ کو بھی بینکوں کے اوقات یہی رہیں گے تاہم نماز جمعہ اور کھانے کا وقفہ دن ایک بجے سے ڈھائی بجے تک ہوگا۔ واضح رہے کہ کورونا وائرس کے باعث بینکوں کے اوقات مختصر کردیے گئے تھے۔ مرکزی بینک نے 28 مئی کو بینکوں کے نئے اوقات کار جاری کیے تھے جس کے مطابق تمام بینک اور مالیاتی ادارے پیر سے جمعرات صبح 10 سے سہ پہر ساڑھے 4 بجے اور جمعہ کو صبح 10 بجے سے ایک بجے تک کھلے ہوں گے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# PAPERLINE

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

## HI - GRADE
## PREMIUM PAPER

# A4

**21x29.7 cm**
**500 SHEETS**

# 80
## GSM




BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™
ISO 9001.2015 CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

**SAMPLE** **80 gsm**

# IPM Brand

## Woodfree Offset Printing Paper

## Origin U.A.E.

**Regularly Available in all sizes in**

**Folio Sheets & Reel**

**60, 70, 80, 90, 100, 120gsm**

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on "Hi-White" Sinar Art Paper Indonesia , 113 Gsm. - Contact for Booking **IBM:** 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

# ڈیجیٹل اکانومی اور ای کامرس کے شعبہ میں نمایاں ترقی ہوئی ہے

اسلام آباد(نیوز ڈیسک) سٹیٹ بینک آف پاکستان نے کہا ہے کہ کووڈ۔ 19 کی وبا سے پیدا ہونے والی صورتحال کے باعث ڈیجیٹل اکانومی اور ای کامرس کے شعبہ میں نمایاں ترقی ہوئی ہے، الیکٹرانک ادائیگیوں کے نظام سے کاروباری ترقی ہو گی اور ملکی معیشت میں 7 فیصد اضافہ متوقع ہے۔اس بات کا اظہار ایک غیر ملکی ابلاغی ادارے کی رپورٹ میں کیا گیا ہے جس کے مطابق حالیہ برسوں کے دوران پاکستان نے معیشت کی ڈیجیٹلائزیشن کے ذریعے آن لائن کاروباروں کے فروغ اور نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے جامع اقدامات کیے ہیں۔ پاکستان کے سب سے بڑے آن لائن شاپنگ سٹور کے چیف مارکیٹنگ آفیسر محمد عمار حسین نے کہا ہے کہ مارچ 2020ء کے بعد آن لائن آرڈرز کی وصولی میں 9 گنا اضافہ ہوا ہے اور توقع ہے کہ گذشتہ سال کے مقابلہ میں رواں سال کے دوران ہر آئٹم کی فروخت میں 100 فیصد اضافہ ہو گا۔ رپورٹ کے مطابق ایس بی پی نے کہا ہے کہ الیکٹرانکس ادائیگیوں کے نظام کی ترقی سے تجارت کے فروغ میں مدد ملے گی اور ملکی معیشت میں 7 فیصد اضافہ ہوگا اور 2025ء تک مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) میں 36 ارب ڈالر اضافہ کے علاوہ روزگار کے 40 لاکھ نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ پاکستان میں ڈیجیٹل کی صنعت ابتدائی مرحلہ میں ہے تاہم کووڈ۔ 19 کی وباء کے بعد شعبہ سے استفادہ کی شرح میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ دوسری جانب وزارت تجارت کے مطابق ایک سال کے دوران مقامی اور عالمی مصنوعات کی آن لائن خریداری میں 100 فیصد اضافہ ہوا اور 2017ء میں کاروبار کا حجم 20.7 ارب روپے تھا جو 2018ء کے دوران 40 ارب روپے سے تجاوز کر گیا۔ ای کامرس کے شعبہ کے ماہرین نے کہا ہے کہ پاکستان میں شعبہ کی ترقی کے وسیع امکانات موجود ہیں اور آنے والے سالوں کے دوران شعبہ کی ترقی سے قومی معیشت کی ترقی اور روزگار کے لاکھوں نئے مواقع پیدا کرنے میں مدد حاصل ہوگی۔

# فیڈریشن کمرشل امپورٹرز کے مسائل حل کرائے گی، انجم نثار

کراچی (نیوز ڈیسک) وفاقی چیمبر کے صدر انجم نثار نے کمرشل امپورٹرز کو درپیش مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کرواتے ہوئے وفاقی بجٹ میں کیمیکلز و ڈائز کے خام مال کو پارٹ 2 سے پارٹ 3 یعنی فنشڈ گڈز میں ڈالنے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور چیئرمین ایف بی آر جاوید غنی سے مطالبہ کیا ہے کہ کیمیکلز و ڈائز کے خام مال کو دوبارہ خام مال کے پارٹ دو میں ڈالا جائے تاکہ صنعتوں کو سستا خام مال میسر آسکے۔ 10 جولائی کو کیمیکلز اینڈ ڈائز مرچنٹس ایسوسی ایشن کے چیئرمین امین یوسف بالاگام والا سے ملاقات میں انجم نثار نے بجٹ انا ملیز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا، اس موقع پر انہوں نے ایف بی آر حکام سے فون پر بات کر کے انا ملیز کی نشاندہی کرتے ہوئے درخواست کی کہ چیئرمین ایف بی آر کے ساتھ کمرشل امپورٹرز کا آن لائن اجلاس بلایا جائے تاکہ انا ملیز سے پیدا ہونے والے مسائل پر بات چیت سے اس کا حل نکالا جا سکے۔

# درآمدات پر مال برداری کے اخراجات میں گزشتہ مالی سال کے دوران کمی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) درآمدات پر مال برداری کے اخراجات میں گزشتہ مالی سال کے دوران کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ اسٹیٹ بینک کے اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ مالی سال کے دوران درآمدات پر مال برداری کے ضمن میں 1.009 ارب ڈالر کی ادیگی کی گئی، جو مالی سال 19-2018ء کے مقابلے میں 24.38 فیصد کم ہے، مالی سال 19-2018ء کے دوران درآمدات پر مال برداری کے اخراجات کی مد میں 1.225 ارب ڈالر کی ادائیگیاں ریکارڈ کی گئی تھی۔ مئی 2020ء میں درآمدات پر مال برداری کے اخراجات کی مد میں 73.32 ملین ڈالر کی ادائیگیاں کی گئی۔ گزشتہ سال مئی میں درآمدات پر 115.57 ملین ڈالر کی ادائیگیاں ریکارڈ کی گئی تھی۔ واضح رہے کہ گزشتہ مالی سال کے پہلے 11 ماہ میں پاکستان کی مجموعی درآمدات کا حجم 37.39 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا ہے۔ مالی سال 19-2018ء کے اسی عرصہ میں پاکستان کی مجموعی درآمدات کا حجم 46.50 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور
اشتہارات کی بکنگ کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362
0308-2933229


# لاک ڈاؤن کے باوجود مئی میں 3800 گاڑیوں کی فروخت

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) مئی 2020 میں لاک ڈاؤن اور کاروباری سرگرمیوں میں کمی کے باوجود کاروں کی فروخت کا سلسلہ جاری رہا۔ آل پاکستان آٹو مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے اعداد و شمار کے مطابق کورونا کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے لاک ڈاؤن اور اقتصادی سرگرمیوں میں کمی کے باوجود ملک میں کل 3800 یونٹ کاروں کی فروخت ریکارڈ کی گئی، گزشتہ سال مئی میں 15428 یونٹ فروخت ہوئے تھے۔


BOHI ART CARD
Hi BULK
210, 250, 300, 350 Gsm.

GOLDEN SUN
MATT & ART PAPER
90, 104, 113, 128, 148 Gsm.

NINGBO BLEACH
Rolls + Sheets

Colour Cards

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandt@ptcl.net





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# وزیراعلیٰ سندھ سے پراپرٹی ٹیکسز میں کمی کا مطالبہ

کراچی (نیوز ڈیسک) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ صاحب سے گزارش ہے اس وقت کرونا وائرس کے باعث ملکی معیشت تاریخ کی مشکل ترین دہانے پر کھڑی ہے اس لمحے میں پراپرٹی کی خرید وفروخت میں بے حد کمی دیکھنے میں آئی ہے اور اس سے گورنمنٹ ریونیو اور دیگر ٹیکس میں بھی بے تحاشہ کمی ہوچکی ہے ان حالات کے پیش نظر دیگر صوبے جس میں پنجاب، بلوچستان، کے پی کے میں پراپرٹی کی خریداری پر صوبائی ٹیکس کو ایک فیصد کر دیا گیا ہے اور ساتھ ساتھ اسلام آباد جو کہ (آئی سی ٹی) اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری کے حوالے سے قانون کا نفاذ ہوتا ہے وہاں بھی یہی قانون طے ہوچکا ہے ہماری آپ سے گزارش ہے کہ اس وقت جو صوبہ سندھ میں صوبائی ٹیکس جس میں (1) اسٹامپ ڈیوٹی 1 فیصد (2) رجسٹریشن فیس 0.5 فیصد (3) ٹاؤن ٹیکس 1 فصد سی وی ٹی 1.5 فیصد صوبہ سندھ میں رائج ہے جو کہ کل ملا کر صوبائی ویلیویشن پر چار فیصد بنتا ہے جس کی بنیاد پر خریدار کو پراپرٹی اپنے نام منتقل کرنے کے لیے بھاری رقم خرچ کرنی پڑتی ہے اس کے برعکس وفاق نے اپنا ٹیکس بھی گزشتہ سال ایک فیصد کر دیا تھا جو کہ پورے ملک یعنی چاروں صوبوں میں یکساں نظام پر محیط ہے اور صوبائی ٹیکسز کے حوالے سے وفاق نے دیگر صوبوں میں سی وی ٹی اور ٹاؤن ٹیکس کو ختم کر کے صرف 1 فیصد صوبائی ٹیکس کر دیا ہے جس میں اسٹامپ ڈیوٹی 0.5 فیصد اور رجسٹریشن فیس 0. 5 فیصد کردی ہے برائے مہربانی صوبہ سندھ کو بھی اس مشکل وقت میں یہ ریلیف دیا جائے اور صوبائی ٹیکس میں سی وی ٹی اور ڈی ایم سی (ٹاؤن ٹیکس) کو ختم کر کے اسٹامپ ڈیوٹی 0.5 فیصد اور رجسٹرار فیس بھی 0.5 فیصد کردی جائے ہماری آپ سے گزار ہے کہ صوبہ سندھ میں بھی پراپرٹی منتقل کرنے پر صوبائی ٹیکس کو ایک فیصد پر لایا جائے جس سے ان شاء اللہ پراپرٹی کی خرید وفروخت میں بھی اضافہ ہوگا اور ریونیو میں بھی تیزی آئے گی اور پورے ملک میں پراپرٹی کی خریداری پر صوبائی ٹیکسز کا نظام بھی یکساں ہوگا اور دیگر مما لک کی طرح پاکستان بھی ایک ترقی یافتہ مما لک کی صف میں کھڑا ہوگا ہم امید کرتے ہیں کہ آپ ہماری اس گزارش پر غور کرتے ہوئے عوام الناس کے حق میں بہترین فیصلہ دیں گے۔

# حکومت کا معیشت پر ریگولیٹری پابندیاں نرم کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) وزیر اعظم عمران خان نے اقتصادی تھینک ٹینک کے اجلاس میں ریگولیٹری پابندیوں کو نرم کرنے کی منظوری دے دی جن کا اسی ماہ ایک پیکیج کی صورت میں اعلان کیا جائے گا۔ وزیر اعظم عمران خان نے ہفتہ 11 جولائی کو اقتصادی تھینک ٹینک کے اجلاس میں ریگولیٹری پابندیوں کو نرم کرنے، معیشت کو ڈیجیٹل بنانے، نظرانداز کیے گئے شعبوں کی افادیت کو استعمال کرنے سمیت 8 شعبوں میں اصلاحات کیلیے 60 سے زیادہ سفارشات کی منظوری دے دی جن کا اسی ماہ ایک پیکیج کی صورت میں اعلان کیا جائے گا۔ وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ حکومتی قرضہ آسان اور محفوظ ہونے کی وجہ سے بینک اس میں ہر صورت سرمایہ کاری کرینگے۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے بھی وزیر اعظم کی اس بات سے اتفاق کیا۔ وزیر اعظم کو پیش کی گئی سفارشات میں سے انصف اسٹیٹ بنک کے ریگولیٹری پراسس سے متعلق تھیں۔ ذرائع کے مطابق اسٹیٹ بنک نے 20 سفارشات کو قبول کرنے پر اتفاق کیا اور بینکوں کی لیکویڈٹی کم کرنے سمیت ایک درجن تجاویز پر تحفظات کا اظہار کیا۔ جو تجاویز قبول کی گئیں ان میں اوورسیز پاکستانیوں کو بینکوں کے ذریعے ترسیلات بھجوانے میں سہولت دینے کیلئے ان کے ڈیجیٹل اکاؤنٹ کھولنے، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کیلئے قرضوں کی حد بڑھانے، عارضی اقتصادی ریلیف پیکج کی مدت میں مزید اضافہ کرنے اور معیشت کو ڈیجیٹل بنانے سے متعلق تھیں۔ مشیر خزانہ حفیظ شیخ نے اپنی بریفنگ میں یوٹیلٹی بلوں میں کمی، ٹارگٹڈ سبسڈیز، ایف بی آر آپریشنز کی ٹیکس پالیسیاں علیحدہ علیحدہ کرنے اور صوبائی مالیات میں بہتری کی تجاویز پر روشنی ڈالی۔ اس وقت حکومت کو بجلی کے بلوں پر دی جانے والی سبسڈی، گردشی قرضوں کو روکنے کیلئے بجلی کی قیمتیں بڑھانے کے چیلنج کا سامنا ہے۔ حکومت نے سال رواں کے بجٹ میں بجلی پر دی جانے والی سبسڈی میں 60 فیصد کمی کی ہے۔ وزارت توانائی نے اس کیلئے 366 ارب روپے مانگے تھے۔ اس دلدل سے نکلنے کی صورت میں آئی ایم ایف پروگرام کی بحالی کی راہ میں ایک رکاوٹ دور ہوجائیگی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت جلد ہی اوورسیز پاکستانیوں کے ڈیجیٹل اکاؤنٹ کھولے گی تاکہ وہ پراپرٹی اور حکومتی سکیورٹیز میں آسانی سے سرمایہ کاری کرسکیں۔

# پاکستان کی مالی مشکلات جلد ختم ہونے والی ہیں، گورنر اسٹیٹ بینک

کراچی (نیوز ڈیسک) گورنر اسٹیٹ بینک ڈاکٹر رضا باقر نے کہا ہے کہ پاکستان کی مالی مشکلات جلد ختم ہونے والی ہیں۔ حالات بہت جلد ایسے ہوں گے جیسے کورونا سے پہلے تھے، اگر شرح سود کم نہ ہوتی تو لوگ مشکل میں آجاتے۔ مہنگائی کی طلب بڑھنے سے کوئی تعلق نہیں، ہم نے بڑھتی ہوئی قیمتوں کو کنٹرول کرلیا تھا۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم تاریخی معاشی بحران سے گزر رہے ہیں۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے کہا کہ زرمبادلہ میں اضافہ کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ میں کمی سے ہوا۔ جتنا پیسا دوست مما لک نے دیا اتنا ہی قرضے میں لوٹا دیا۔ ایکسپورٹس کی وجہ سے کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ بڑھتا ہے۔ شرح سود کم کر کے 7 فیصد پر لے آئے ہیں۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے کورونا کو بڑا چیلنج قرار دیتے ہوئے کہا کورونا آیا تو کئی لوگ بے روزگار ہوگئے۔ ریسٹورنٹ، شاپنگ سینٹرز بند ہونے سے آمدنی متاثر ہوئی۔ تاہم اسٹیٹ بینک کی اسکیم سے بے روزگاری پر قابو پالیا گیا۔ ڈاکٹر رضا باقر نے کہا کہ کورونا آنے سے پہلے معیشت بہتری کی سمت گامزن تھی۔ اسٹیٹ بینک نے معیشت کو کورونا سے بچانے کیلئے متعدد اقدامات کئے ہیں۔ موجودہ مہنگائی کی وجہ رسد میں رکاوٹیں ہیں۔ کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 13 سے کم کر کے تین ارب ڈالر پر لے آئے۔ پاکستان کی مالی مشکلات جلد ختم ہونے والی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ معیشت کو بچانے کے لئے اسٹیٹ بینک نے متعدد اقدامات کئے۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے کہا کہ جتنا پیسہ دوست ملکوں سے ملا قرضوں کی واپسی میں لوٹا دیا۔ موجودہ مہنگائی کا طلب سے کوئی تعلق نہیں رسد میں رکاوٹوں کی وجہ سے مہنگائی آئی ہے۔ ڈاکٹر رضا باقر نے کہا کہ کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ کم کر کے تین ارب ڈالر پر لے آئے اسٹیٹ بینک معاشی بہتری کے لئے اقدامات کرتا رہے گا۔

## ایف بی آر اور لاہور چیمبر کے اشتراک سے آن لائن کچہری

لاہور (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو اور لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے اشتراک سے آن لائن کھلی کچہری منعقد کی گئی جس کا مقصد تاجر برادری کو درپیش مسائل سے آگاہی اور ان کا بہترین حل تلاش کرنا تھا۔ چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو، آر ٹی او ٹو لاہور احمد شجاع خان اور لاہور چیمبر کے صدر عرفان اقبال شیخ نے شرکاء کی جانب سے سوالوں کے جوابات دیئے۔ چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو احمد شجاع خان نے کہا کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو تاجر برادری کے ساتھ نزدیکی روابط قائم کرنے کے لیے اقدامات اٹھا رہا ہے اور اس مشکل وقت میں کاروباری برادری کے مسائل حل کرنے کے لیے پرعزم ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# انٹرنیشنل: انڈونیشین آفسیٹ، آرٹ وقرآن پیپر، بریف کارڈ اور فوٹو کاپی کی قیمتوں میں کمی

کراچی (انٹرنیشنل پرائس سروے رپورٹ) بین الاقوامی سی این ایف پرائس سروے جاری ہے اس ہفتے ان قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ انٹرنیشنل مارکیٹوں میں بھی اوور اسٹاک کی وجہ سے قیمتوں میں کمی کا رجحان ہے۔ اس ہفتے عالمی مارکیٹ سے موصول ہونے والی رپورٹ کے مطابق قیمتوں میں تبدیلی کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

آفسیٹ پرنٹنگ پیپر آئی کے شیٹ 70 گرام، 670ڈالر سے کم ہوکر 620ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی۔ بریف کارڈ آئی کے اوریجنل وائٹ 670ڈالر سے کم ہوکر 640ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ بریف کارڈ پنڈو ڈیلی جنگا کارکلر 690ڈالر سے کم ہوکر 660ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ بریف کارڈ پنڈو ڈیلی گولڈن کوئن پیل کریم 780ڈالر سے کم ہوکر 750ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ گولڈن کوئن وائٹ 760ڈالر سے کم ہوکر 730ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ کاسٹ کوٹڈ بیز پیپر 690ڈالر سے کم ہوکر 660ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ قرآن پیپر آئی کے 60 گرام، 710ڈالر سے کم ہوکر 680ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر پی پی سی براؤن 70 اور 80 گرام، 705ڈالر سے کم ہوکر 695ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ کوٹڈ آرٹ پیپر نیویا، 630ڈالر سے کم ہوکر 620ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔

انڈونیشیا اور چائنا کے دیگر برانڈز کی قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔

# لوکل مارکیٹ: آرٹ پیپر، آفسیٹ آئی کے اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی، اسٹیکر میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری ہیں اور 15 جولائی کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں آرٹ پیپر، آفسیٹ پیپر آئی کے اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی دیکھی گئی۔ جبکہ اسٹیکر پیپر میں اضافہ دیکھا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو ردو بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ نیویا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80، 90، 100، 105، 113، 128 اور 150 گرام، 185 روپے سے کم ہوکر 180 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80، 90، 100، 105، 113، 128 اور 150 گرام، 185 روپے سے کم ہوکر 180 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ امپورٹڈ آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 204 روپے سے کم ہوکر 201 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر، پی پی سی براؤن 70 گرام، 485 روپے سے کم ہو کر 480 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی براؤن 80 گرام، 590 روپے سے کم ہوکر 580 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی براؤن F4B سائز 80 گرام، 610 روپے سے کم ہوکر 600 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ BLC،A4 سائز 70 گرام، 495 روپے سے کم ہو کر 490 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ BLC،A4 سائز 75 گرام، 555 روپے سے کم ہو کر 550 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ BLC،A4 سائز 80 گرام، 605 روپے سے کم ہو کر 600 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 80 گرام، 610 روپے سے کم ہو کر 600 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 13F4A(5.) سائز 70 گرام، 605 روپے سے بڑھ کر 610 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی A3 سائز 70 گرام، 1020 روپے سے بڑھ کر 1040 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام، 590 روپے سے بڑھ کر 610 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 700 روپے سے بڑھ کر 710 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈ ٹیک چائنا 20x30 سائز، 80 گرام، 2130 روپے سے بڑھ کر 2150 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 80 گرام، 2140 روپے سے بڑھ کر 2150 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# سخت اقدامات کیے بغیر رواں مالی سال کا ٹیکس ہدف حاصل کرلیں گے، ایف بی آر

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی خزانہ کو ایف بی آر حکام کی طرف سے یقین دہانی کروائی گئی ہے کہ مزید ٹیکس لگائے اور سخت اقدامات کیے بغیر بھی رواں مالی سال کا ٹیکس ہدف حاصل کرلیا جائے گا، ایف بی آر کو ٹیکس ریفنڈز کی ادائیگی کا عمل تیز کرنے کی ہدایت کی گئی، وزارت خزانہ نے زرعی ترقیاتی بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جلد تشکیل کی یقین دہانی کرائی تاہم کمیٹی نے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تشکیل میں تاخیر پر اظہار ناپسندیدگی کیا کمیٹی نے ایف بی آر کو ٹیکس ریفنڈز کی ادائیگی کے عمل کو تیز کرنے کی بھی ہدایت کی، قائمہ کمیٹی کا اجلاس 9 جولائی کو فیض اللہ کاموکا کی زیر صدارت ہوا، ایف بی آر کے ممبران لینڈ ریونیو پالیسی ڈاکٹر حامد عتیق سرور نے کمیٹی کو بتایا کہ رواں مالی سال 4963 ارب روپے ٹیکس ریونیو کا ہدف رکھا گیا ہے جو شرح نمو اور افراط زر میں اضافہ کے باعث حاصل کرلیا جائے گا انھوں نے کہا کہ گذشتہ مالی سال سیلز ٹیکس وصولی میں 32 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے ٹیکنالوجی کے استعمال سے اس مالی سال میں بھی سیلز ٹیکس میں 30 فیصد اضافہ حاصل کیا جائے گا انھوں نے کہا کہ برآمدی شعبے کی زیرو ریٹنگ ختم کرنے سے گذشتہ مالی سال 188 ارب روپے حاصل ہوئے جبکہ ریفنڈ کی ادائیگی 105 ارب روپے کی گئی ممبر آئی آر ایس آپریشنز محمد اشفاق نے کہا کہ 2014 سے انکم ٹیکس ریفنڈ کلیم 89 ارب روپے کے ہیں جبکہ سیلز ٹیکس کی مد میں 112 ارب روپے ریفنڈز کی ادائیگی کرنی ہے، چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ وزارت خزانہ بتائے کہ زرعی ترقیاتی بینک کا بورڈ گزشتہ 7 ماہ سے کیوں تشکیل نہیں دیا گیا لگتا ہے کہ یہ حکومت کے خلاف سازش ہے۔

# بینکنگ ڈیپازٹس میں 12 فیصد اضافہ ریکارڈ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) گزشتہ مالی سال کے دوران بینکنگ ڈیپازٹس میں 12 فیصد اضافہ ہوا ہے، اس دوران قرضوں کی فراہمی میں ایک فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ ٹاپ لائن سکیورٹیز کے تجزیہ کار فواد بشیر نے اپنی تحقیقی رپورٹ میں کہا ہے کہ گزشتہ مالی سال 2020ء کے دوران بینکنگ ڈیپازٹس کا حجم 12 فیصد اضافہ سے 16.23 کھرب روپے تک بڑھ گیا جبکہ قرضوں کی فراہمی میں ایک فیصد اضافہ سے 8.2 کھرب روپے تک بڑھی ہے۔ کووڈ۔ 19 کی صورتحال کی وجہ سے مجموعی معاشی سرگرمیوں میں سست روی کی وجہ سے قرضوں کی فراہمی کی شرح میں معمولی اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تین سال قبل ڈیپازٹس کی شرح نمو میں 11 فیصد تاریخی اضافہ ہوا تھا اور گزشتہ مالی سال کے دوران اس میں 10 تا 11 فیصد اضافہ کی توقع کی جارہی تھی تاہم دوران سال ڈیپازٹس کی شرح میں 12 فیصد اضافہ خوش آئند ہے جس سے ملک میں بچتوں کی شرح کے فروغ میں بھی مدد ملے گی۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ مالی اسل کے دوران انویسٹمنٹ ٹو ڈیپازٹس کی شرح بھی 53 فیصد کے مقابلہ میں 66 فیصد تک پہنچ گئی جبکہ مارچ 2020ء کے خاتمہ پر یہ شرح 61 فیصد ریکارڈ کی گئی تھی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کاروباری مواقع
## TENDERS

### ایوان اقبال کمپلیکس کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:AIC/2020/03

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:5اگست 2020

برائے رابطہ:ایڈمنسٹریٹر،فورتھ فلور، بلڈنگ نمبر 1 ہمبرٹن روڈ،لاہور۔

فون:042-99204534

### الیکشن کمیشن کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:24اگست 2020

برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمن، سیکریٹریٹ شاہراہ دستور، G-5/2 اسلام آباد۔

فون:051-9203300

### کنٹونمنٹ بورڈ کا پیپر ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:Storte/Do.8139

پرنٹڈ پیپر برائے بلنگ 2020-21۔

تعداد: 15000 شیٹس

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 27جولائی 2020

برائے رابطہ: کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر، لاہور۔

فون:111-042-522

### ڈی جی ایگریکلچر کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:29جولائی 2020

برائے رابطہ:ایوب ایگریکلچر ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، فیصل آباد۔

فون:041-9201671-72


# ٹریڈ باڈیز میں عہدیداروں کی معیاد بڑھوانے کی کوششوں کی مخالفت میں اضافہ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک)ایف پی سی سی آئی میں برسراقتدار گروپ کی جانب سے کرونا وائرس کی آڑ میں اپنی عہدے کی معیاد بڑھوانے کی کوششوں کی مخالفت میں تیزی آتی جارہی ہے اورچیئرمین پاکستان کلاتھ مرچنٹس ایسوسی ایشن احمد چنائے نے بھی ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن اوروزیراعظم کے مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد سے تجارتی انجمنوں، چیمبرز اور ایف پی سی سی آئی سمیت تمام ٹریڈ باڈیز میں جاری انتخابی طریقہ کار کو منسوخ نہ کرنے کی اپیل کردی ہے۔احمد چنائے نے کہا کہ انتخابی عمل میں معاشرتی فاصلے طے کرنا ہوں گے، تجارتی اداروں کو حکومت کے ذریعہ متعارف کرائے جانے والے ایس او پیز پر عمل کرنا چاہئے اور حکومت نے ان ہدایات کو عام کیا ہے جو معاشرتی فاصلے کو یقینی بنانے اور بخار، سینے میں انفیکشن ، دمہ دل کے امراض،شوگر سے متعلق مسئلے یا کسی بھی دوسرے بڑے وبائی مرض میں مبتلا ہونے سے بچنے کے لئے دی گئیں ہیں۔احمد چنائے نے کہا کہ پاکستان کلاتھ مرچنٹس ایسوسی ایشن نے ڈی جی ٹی او اور وزیراعظم کے مشیر برائے تجارت عبدالرزاق داؤد سے درخواست کی ہے کہ فیڈریشن، چیمبرز اورٹریڈ باڈیز کے عہدیداران کے عہدوں کی مدت میں توسیع نہ کی جائے اورروان سال کے انتخابات حکومت کی طرف سے رکھے گئے سماجی دوری اور ایس او پیز پر عملدرآمد کے ساتھ منعقد کئے جائیں۔

# 25جولائی سے عید تک کاروبار بند کرنے کی پنجاب کی تجویز ناقابل قبول ہے، تاجر رہنما

لاہور(نیوز ڈیسک) تاجر رہنما خادم حسین نے کہا کہ وزیراعظم نے درست کہا ہے کہ لاک ڈاؤن سے بے روزگاری پھیلی ، ملک بھر میں کاروبار بندشوں سے تجارتی شعبہ متاثر ہوا ،انہوں نے پنجاب حکومت کی جانب سے مرکز کو عید سے قبل25 جولائی سے عید تک کاروبار بند کرنے کی تجویز پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے ناقابل عمل قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے چند روز قبل ہی 10 روز کا لاک ڈاؤن رہا جس سے تجارتی اور کاروباری اداروں کو لاکھوں کا نقصان ہوا اس لیے معاشی سرگرمیاں جاری رکھی جائیں اور وزیراعظم ایسی تمام تجاویز کو مسترد کردیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے فیروز پور بورڈ کے تاجروں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔خادم حسین نے کہا کہ تاجر برادری ایس او پیز پر عملدر پیرا ہے اور ملک بھر میں

کاروبار کھلنے کے بعد کورونا کیسز میں کمی ہوئی اور 60 فیصد تک مریض صحت یاب ہوچکے ہیں اس لیے معاشی استحکام کیلئے کاروباری ایام اوراوقات سابق ادوار کی طرح بحال کیے جائیں تاکہ معاشی سرگرمیوں سے بے روزگار کا خاتمہ ہو اور ملک معاشی استحکام کی راہوں پر گامزن ہوسکے۔

# ٹیکس شکایات کے فوری حل کیلئے ہر ماہ کھلی کچہری کے انعقاد کا فیصلہ

